## کوئنز تعلیمی ٹیکنالوجی پروگرام کی تشخیص میں شرکت کرنے کے لیے والدین کی اجازت

عزیزی والدین،

آپ کے بچے کا اسکول فی الوقت ایک ضلع پیما پروگرام میں شرکت کر رہا ہے تاکہ طلبا کی زیادہ موثر انداز میں تعلیم حاصل کرنے میں مدد کے لیے اساتذہ کمپیوٹر اور دیگر ٹیکنالوجی کا استعمال کر سکیں- ReLearning Curve پروگرام کے بارے میں معلومات اکٹھا کر رہا ہے تاکہ یہ تعین کرنے میں مدد ہو کہ آیا یہ کارآمد ہے اور اس کو بہتر کیسے بنایا جا سکتا ہے- اس کو کامیابی سے انجام دینے کے لیے ہمیں یہ جاننے کی ضرورت ہے کہ طلبا اسکولی سال کے دوران کمپیوٹرز کو کیسے استعمال کرتے ہیں اور فنونِ انگریزی زبان میں انکی تعلیمی پیش رفت کے متعلق معلومات کیا ہیں-

ہم طلبا کے فنونِ انگریزی زبان کے اسکورز کا تجزیہ کلاس کے مطابق کریں گے- کسی بچے کے نام کو اسکورز کے ساتھ منسلک نہیں کیا جائے گا- یہ آپ کے بچے کے تعلیمی مرتبے، یا اسکول کے پروگراموں یا سرگرمیوں میں شرکت کو کسی بھی طرح سے متاثر نہیں کرے گا-

طلبا سے پروگرام کے آغاز اور اختتام پر اسکے متعلق ایک مختصر سروے مکمل کرنے کے لیے کہا جائے گا کہ وہ اسکول کے دوران کمپیوٹرز کو کیسے استعمال کرتے ہیں- یہ معلومات ہماری رپورٹ کے لیے اور اسکولوں کو ٹیکنالوجی کے متعلق فیصلوں میں مدد کرنے کے لیے استعمال کی جائیں گی- آپ کے بچے کا استاد ستمبر/اکتوبر 2010 میں اور دوبارہ جون 2011 میں سروے تقسیم کرے گا- اس میں تقریباً 25 سوالات ہیں اور آپ کے بچے کو اسے مکمل کرنے میں تقریباً 15 منٹ لگنے چاہیئیں-

**شرکت مکمل طور پر رضاکارانہ ہے-** آپ کے بچے سے دریافت کیا جائے گا آیا وہ یہ سروے لینا چاہتا ہے اور وہ اسے لینے سے رضامند ہوسکتا ہے یا انکار کرسکتا ہے- سروے گمنام ہوگا، مطلب یہ کہ سروے پر کوئی نام استعمال نہیں کیے جائیں گے یا ان کو فارمز سے منسلک نہیں کیا جائے گا- اگر آپ کا بچہ سروے نہیں لیتا ہے تو اس کو کوئی سزا نہیں دی جائے گی-

اس سروے کو لینے سے آپ کے بچے کے لیے کوئی متوقع خطرات نہیں ہیں- سرویز میں شامل سوالات صرف تعلیمی تجربات کے بارے میں ہیں، ذاتی سماجی، جذباتی، یا گھریلو تجربات کے متعلق نہیں ہیں- متوقع فوائد یہ ہیں کہ آپ کے بچے کا اسکول ہدایتی ٹیکنالوجی کے بارے میں بہتر طور پر انتخابات کرسکے گا اور اسے سے طلبا کو اضافی رسائی فراہم ہوگی-

**اگر آپ کو اپنے بچے کی شرکت پر اعتراض ہے،** تو برائے مہربانی اس فارم پر دستخط کرکے اپنے بچے کے ذیل میں شناخت کردہ استاد کو واپس کردیں- **اگر آپ اس فارم پر دستخط کرکے اس کو واپس نہیں کرتے ہیں تو ہم یہ سمجھ لیں گے آپ اپنے بچے کو شرکت کی اجازت دے رہے ہیں-**

**اگر آپ اپنے بچے کو شرکت کی اجازت دیتے ہیں تو** مزید جواب کی ضرورت نہیں ہے- **اگر آپ اس فارم پر دستخط کرکے اس کو واپس نہیں کرتے ہیں تو ہم یہ سمجھ لیں گے آپ اپنے بچے کو شرکت کی اجازت دے رہے ہیں-**

**جی نہیں، میں نہیں چاہتا کہ میرا بچہ شرکت کرے-** میں نے مذکورہ بالا معلومات کو پڑھ لیا ہے اور میں اپنے بچے کو تقویتی تعلیم بذریعہ ٹکنالوجی پروگرام [Enhanced Education Through Technology Program (EETT)] پروگرام کے لیے ڈیٹا اکٹھا کرنے میں شرکت کرنے کی اجازت نہیں دیتا-

| | |
|---|---|
| ______________________ | ______________________ |
| **آپ کے بچے کا نام** | **استاد کا نام / کلاس نمبر** |
| ______________________ | ______________________ |
| **آپ کے دستخط** | **تاریخ** |

اگر آپ کے کوئی سوالات ہیں تو آپ ReLearning Curve اینڈ دی آرٹس میں محققین سے رابطہ کرسکتے ہیں، جوزفین ایمبیمبو (Josephine Imbimbo) سے 5951-330 (646) پر- اگر آپ کے ٹیکنالوجی سروے کے متعلق سوالات ہیں تو آپ اپنے بچے کے استاد سے بھی رابطہ کرسکتے ہیں-